## الطاف حسین کی وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے فون پر گفتگو، اسلام آباد میں بم دھماکہ پر اظہار افسوس
## دہشت گردی کے اس واقعہ کی وجہ سے پاکستان کا امیج مزید خراب ہوا ہے۔ الطاف حسین
## بم دھماکہ میں ملوث دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ رحمٰن ملک

لندن۔۔۔2، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے فون پر گفتگو کی اور ان سے اسلام آباد میں ڈنمارک کے سفارتخانے کے قریب ہونے والے ہولناک بم دھماکہ سے بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی اور جانی و مالی نقصان پر شدید افسوس کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا میں پہلے ہی پاکستان پر انگلیاں اٹھائی جاتی ہیں اور آج کے اس واقعہ کی وجہ سے پاکستان کا امیج مزید خراب ہوا ہے۔ جناب الطاف حسین نے مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے کہا کہ دہشت گردی کے اس واقعہ میں ملوث عناصر کو جلد از جلد گرفتار کیا جانا چاہیے اور دہشت گردی کی کارروائیوں کی روک تھام کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ حکومت دہشت گردی کے اس واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کر رہی ہے، اس سلسلے میں تمام تر حکومتی وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور دہشت گردی کے اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ جناب الطاف حسین نے مشیر داخلہ رحمٰن ملک کے توسط سے پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے بھی بم دھماکے میں معصوم و بے گناہ شہریوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے زخمیوں کی صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

## بے گناہ شہریوں کی جان و مال سے کھیلنے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں، الطاف حسین
## بم دھماکہ میں ملوث عناصر انسانیت کے کھلے دشمن ہیں
## اسلام آباد میں ڈنمارک کے سفارتخانے کے قریب بم دھماکہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔2، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں ڈنمارک کے سفارتخانے کے قریب این جی او کے دفتر میں بم دھماکہ کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکہ میں متعدد افراد کے ہلاک و زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس گھناؤنے عمل میں ملوث عناصر نہ صرف انسانیت کے کھلے دشمن ہیں بلکہ دنیا میں پاکستان کی ساکھ کو بھی بدنام کرنا چاہتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بم دھماکہ میں ملوث درندہ صفت دہشت گردوں کو گرفتار کر کے سرعام سخت ترین سزا دی جائے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے بم دھماکہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ نے آئینی پیکج کے جائزے کیلئے آئینی و قانونی ماہرین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی

کراچی۔۔۔2 جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حکمراں پیپلز پارٹی کی جانب سے پیش کئے جانے والے مجوزہ آئینی پیکج پر غور و خوض کیلئے آئینی و قانونی ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دے دی ہے جو اس آئینی پیکج کا شق وار جائزہ لے گی اور اپنی سفارشات مرتب کر کے رابطہ کمیٹی کو پیش کرے گی۔ بعد ازاں رابطہ کمیٹی اس آئینی پیکج کے بارے میں اپنی تجاویز و سفارشات سے پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کو آگاہ کرے گی۔ آئینی و قانونی ماہرین پر مشتمل کمیٹی کا ابتدائی اجلاس آج ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ہوا جس میں آئینی پیکج کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

## اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گردوں کی جانب سے اسلامیہ آرٹس کالج سے اے پی ایم ایس او کے کارکنان کا اغواء اور بہیمانہ تشدد

## کارکنان کو چاقوؤں، بیلٹوں اور ڈنڈوں سے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔شعیب بخاری نے زخمی کارکنان کی عیادت کی

## واقعہ کا نوٹس لیا جائے جمعیت دہشت گردی کے ذریعے تعلیمی اداروں پر اپنی اجارہ داری قائم کرنا چاہتی ہے،اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔2، جون 2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گردوں کی جانب سے اسلامیہ آرٹس کالج سے اے پی ایم ایس او کے دو کارکنان کے اغواء اور بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ اے پی ایم ایس او ہومیو پیتھک کالج کے کارکنان ارسلان ولد واحد اور فرقان ولد ریاض انٹر کے امتحانات دینے کیلئے اسلامیہ آرٹس کالج پہنچے تو جمعیت کے مسلح دہشت گردوں نے انہیں گن پوائنٹ پر اغواء کرلیا اور نامعلوم مقام پر لے جا کر انہیں چاقوؤں، بیلٹوں اور ڈنڈوں سے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا اور پھر زخمی حالت میں سڑک پر پھینک کر فرار ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ اسلامیہ جمعیت طلبہ کے دہشت گرد اسلامیہ آرٹس کالج میں اے پی ایم ایس او کے کارکنان کو امتحانات دینے سے روک رہے ہیں اور کھلی غنڈہ گردی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جمعیت ماضی کی طرح ایک مرتبہ پھر دہشت گردی اور غنڈہ گردی کے ذریعے تعلیمی اداروں پر اپنی اجارہ داری قائم کرنا چاہتی ہے۔اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران نے صدر پرویز مشرف، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ اسلامیہ آرٹس کالج سے اے پی ایم ایس او کے کارکنان کے اغواء اور تشدد کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردی کی اس کارروائی میں ملوث جمعیت کے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور تعلیمی اداروں میں جمعیت کی دہشت گردی بند کرائی جائے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے مقامی اسپتال جا کر اے پی ایم ایس او کے زخمی کارکنان کی عیادت کی ۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے رکن عبدالرحیم اور دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے جمعیت کے دہشت گردوں کی کھلی غنڈہ گردی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔

☆☆☆☆☆